نہیں یہ رحمتِ باری کا شامیانہ ہے
کہ جس کا سایہ کلیدِ شراب خانہ ہے
نہیں یہ عشق کا کھیلا ہوا فسانہ ہے
کہ جس میں آہ کا اڑتا ہوا ترانہ ہے

اردو آسان کتاب حصہ اول مؤلف مولوی یوسف صاحب جلال آبادی (فاضل کلکتہ) پروفیسر اردو کالج سلہٹ۔ تقطیع متوسط ضخامت ۶۷ صفحات، کتابت بہتر، طباعت معمولی قیمت ۸ر پتہ :۔ انجمن معارف گاس باڑی، سلہٹ،

اس کتاب میں باسٹھ سبق ہیں، ان سبقوں کو اگر محنت اور توجہ سے یاد کر لیا جائے تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اردو کی ابتدائی تعلیم میں ان سے خاطر خواہ مدد مل سکتی ہے، مؤلف نے اس رسالے کی تالیف میں زیادہ سے زیادہ آسان زبان اختیار کی ہے اور ترتیب بھی بڑی حد تک دل نشین رکھی ہے، صاحب کتاب کے خیال کے مطابق کتاب کی چند خصوصیتیں یہ ہیں۔

(۱) یہ کتاب ہندو مسلم بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔
(۲) حروف کی پہچان کے ساتھ ساتھ الفاظ کے تلفظ کے سکھانے کا خیال رکھا گیا ہے۔
(۳) ابتداء کے چودہ سبقوں میں حروف کی چھوٹی شکلوں سے احتراز کیا گیا ہے۔
(۴) اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں کو لکھنا اور جملہ بنانا آجائے
(۵) اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ہر نئے سبق میں آموختے کے سوا صرف دو ہی چند نئے الفاظ آئیں جن کے لئے یہ سبق لکھا گیا ہو۔

تلاوت آسان قاعدہ حصہ اول از مؤلف مذکور تقطیع متوسط ضخامت ۱۶ صفحات قیمت ۱۲/ پتہ :۔ عبدالمتین تاجر کتب گاس باڑی ضلع جلال آباد پوربی پاکستان۔

یوسف جلال آبادی صاحب بچوں کے لئے آسان کتابیں لکھنے کا اچھا سلیقہ رکھتے ہیں اور ان کو اس خدمت سے خاص شغف معلوم ہوتا ہے زیر نظر قاعدہ آپ کے اسی سلیقہ اور